سوال

تشہد میں سبابہ سے اشارہ کرنا

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

قعدہ میں التحیات کے وقت سبابہ کی انگلی سے جو اشارہ کیا جاتا ہے کیا انگلی کو اٹھائے رکھنا چاہیے یا ہلاتے رہنا چاہیے یا ویسے ہی رکھنا چاہیے ، کون سا عمل زیادہ درست ہے ؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

صحیح احادیث سے ثابت ہے کہ تشہد (التحیات) کے لیے بیٹھتے وقت ہی دائیں ہاتھ کی انگلیوں کا حلقہ بنا کر شہادت کی انگلی (سبابہ) کو تھوڑا سا خم دے کر کھڑا رکھا جائے اور دعا کے وقت اسے حرکت دی جائے

(دیکھئے سنن ابی داوٗد (کتاب الصلوۃ باب الاشارہ فی التشہد حدیث :991 وسندہ حسن ، وصحہ ابن خزیمہ :716،715 وابن حبان ، الموراد :499 واخطا من ضعفہ)

کلمہ شہادت کے وقت یا صرف لاالہ پر شہادت والی انگلی اٹھانا اور الااللہ پر رکھ دینا (میرے علم کے مطابق) کی کسی حدیث سے ثابت نہیں ہے ۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ علمیہ (توضیح الاحکام)

ج1ص386

محدث فتویٰ